SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

September14, 2018

***For immediate release***

## ایس ای سی پی کا لمیٹڈ لائبیلیٹی پارٹنر شپس پر سیمنار

اسلام آباد(14 ستمبر)ایس ای سی پی نے کاروباری طبقے اور دیگر سٹیک ہولڈرز میں لمیٹڈ لائبیلیٹی ایکٹ اور کمپنیز ایکٹ کی دفعہ کے تحت لمیٹڈ لائبیلیٹی پارٹنر شپس اور غیر منافع بخش کی انکارپوریشن کے حوالے سے آگہی پیدا کرنے کے لئے لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے تعاون سے ایک سیمنار منعقد کیا۔

ایس ای سی پی کے کمپنی رجسٹریشن آفس لاہور کے عہدے داروں نے نے کارپوریٹائزیشن اور کارپوریٹ تعمیل کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ سامعین کو ایس ای سی پی کے ان اقدامات کے بارے بھی بتایا گیا جو اس نے کارپوریٹائزیشن کو بڑھانے کے لئے اٹھائے ہیں۔ انہوں نے ایل ایل پی ایکٹ، 2017،اور انکارپوریشن کے بعد کی ذمہ داریوں کے اہم نکات کی بھی نشان دہی کی۔ کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 42 کے تحت کی جانے والی انکارپوریشن کی وضاحت بھی کی گئی۔

اس موقع پر لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن کے صدر نے کارپوریٹ سیکٹر کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی کے اقدامات کی تعریف کی اور ایسے آگہی سیمینار باقاعدگی سے منعقد کئے جانے کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ سٹیک ہولڈرز کے ساتھ ایسے روابط مستقبل میں بھی جاری رکھے جائیں۔ اس موقع پر ایس ای سی پی کے ایک عہدے دار نے کہا کارپوریٹ سیکٹر کے اعلیٰ ترین ریگولیٹر کی حیثیت سے،ایس ای سی پی نے ہمیشہ پیشہ ورانہ اور تجارتی انجمنوں کے ساتھ روابط برقرار رکھے ہیں اور اس عزم کا اظہار بھی کیا کہ دیگر پیشہ ورانہ اور تجارتی تنظیموں کے تعاون سے ایسے مزید سیمینارز اور ورکشاپوں کا انعقاد کیا جائے گا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005